# وزیراعظم کی برازیل کے صدر سے ملاقات

10ستمبر 2023

وزیر اعظم جناب نریندر مودی نے 10 ستمبر 2023 کو نئی دہلی میں جی 20 سربراہی اجلاس کے موقع پر برازیل کے صدر محترم لوئیز اناسیو لولا دا سلوا کے ساتھ ملاقات کیا۔

صدر لولا نے ہندوستان کی جی20 صدارت کی کامیابی پر وزیر اعظم کو مبارکباد دی۔ وزیر اعظم نے اگلے سال برازیل کی جی20 صدارت کے لیے اپنی نیک خواہشات کا اظہار کیا اور انہیں ہندوستان کے مکمل تعاون کا یقین دلایا۔

بھارت-برازیل اسٹریٹجک پارٹنرشپ کو بڑھانے کے بارے میں بات چیت کی گئی، جس میں بائیو فیول، فارماسیوٹیکل، زرعی پر مبنی صنعتوں، خلائی اور ہوابازی میں تعاون کی کوششوں پر توجہ مرکوز کی گئی۔

اجلاس کے اختتام پر **Joint Statement** جاری کیا گیا۔

**نئی دہلی**
**10ستمبر 2023**